شادی کی رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ(MRC) کیا ہے؟

پاکستان شادی کی رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ(MRC) یا نکاح نامہ ایک بہت اہم اور معتبر دستاویز ہے۔ یہ پاکستان میں دو افراد (شوہر اور بیوی) کے درمیان نکاح کا ٹھوس قانونی ثبوت ہے۔ بنیادی طور پر پاکستان میں نکاح ناموں کی دو اقسام ہیں، جیسے اردو نکاح نامہ اور انگلش میرج سرٹیفکیٹ۔ مؤخر الذکر سرٹیفکیٹ نادرا کی جانب سے جاری ہوتا ہے اور کمپیوٹرائزڈ ہوتا ہے۔ یہ تمام قانونی فورمز پر استعمال کے لیے زیادہ معتبر دستاویز ہے۔

میرج سرٹیفکیٹ جاری کرنے والے ادارے:

پاکستان میں مندرجہ ذیل ادارے (اتھارٹیز) یہ سرٹیفکیٹ جاری کرتی ہیں، اِس کا انحصار آپ کے ایڈریس اور رہائشی علاقے پر ہے:

1. یونین کونسل۔
2. کنٹونمنٹ بورڈ آفس۔
3. مصالحتی کونسل، اسلام آباد۔

MRC کے لیے اپلائی کیسے کیا جائے؟

پاکستان میں کوئی بھی صحیح دماغ، بالغ شادی شدہ شخص نادرا سے میرج سرٹیفکیٹ کے کے لیے اپلائی کر سکتا ہے۔ لیکن درخواست گزار کے پاس نادرا میں رجسٹریشن سے قبل اردو نکاح نامہ موجود ہونا چاہیے۔

نادرا کا میرج رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کہاں استعمال کیا جا سکتا ہے؟

نادرا کا میرج رجسٹریشن سرٹیفکیٹ مختلف کاموں میں استعمال ہو سکتا ہے:

1. بیرونی ممالک میں اپنا نکاح ثابت کرنے کے لیے۔
2. امیگریشن کے لیے۔
3. فیملی ویزا حاصل کرنے کے لیے۔
4. تمام قانونی معاملات میں۔

MRC برائے قطر

اگر آپ قطر میں ملازمت کے لیے اپلائی کرنے کا سوچ رہے ہیں اور وہاں اپنے اہل خانہ کے ہمراہ مقیم ہونا چاہتے ہیں تو پھر میرج رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (نکاح نامہ) لازمی ہے اور یہ پاکستان میں قطری سفارت خانے سے تصدیق کروانے سے پہلے وزارت امور خارجہ پاکستان سے تصدیق کروانا ضروری ہے۔

The project is funded by the European Union

Implemented by ICMPD International Centre for Migration Policy Development

Under the Auspices of